

National Business Development Program for SMEs

SMEDA

# گروتھ اسٹیج

# اسٹارٹ اپ

# گرانٹ



## سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) حکومت پاکستان کا ایک خودمختار ادارہ ہے جسے ملک میں ایس ایم ایز (چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار) کے فروغ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ ایس ایم ایز کی مدد کیلئے سمیڈا نے پاکستان بھر میں نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام (این بی ڈی پی) متعارف کروایا ہے جس کے تحت چھوٹے اور درمیانے کاروبار کو مختلف اقسام کی گرانٹس سمیت متعدد خدمات اور سہولیات دی جا رہی ہیں۔

## گرانٹ کی تفصیل:

گروتھ اسٹیج اسٹارٹ اپ گرانٹ کا مقصد کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کی ترقی وتوسیع کے لیے مالی مدد فراہم کرنا ہے۔ گرانٹ کی رقم کاروبار سے متعلق سامان، خدمات یا سافٹ ویئر کے حصول کے لئے استعمال کی جاسکتی ہے۔

## زیادہ سے زیادہ گرانٹ کا حجم:

پانچ لاکھ روپے

**500,000**

یا کل لاگت سامان/ خدمات کا 80% فیصد۔

## اہلیت کا معیار

- درخواست گزار کا پاکستانی شہری ہونا لازمی ہے جو حکومت پاکستان کا جاری کردہ درست شناختی کارڈ رکھتا ہو۔
- کاروبار کی سالانہ آمدن (Sales) 15 کروڑ روپے سے زیادہ نہ ہو۔
- کاروبار کا ایک فعال کاروباری بینک اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے۔
- درخواست گزار کے پاس کاروبار کا NTN ہونا ضروری ہے۔
- کاروبار کی متعلقہ سرکاری محکمہ میں رجسٹریشن ہونا ضروری ہے۔
- کاروبار کی مدت ایک (01) سے پانچ (05) سال تک ہونی چاہیے، کاروبار کی مدت کا تعین درخواست جمع کروانے کی تاریخ سے ہوگا۔
- کاروبار پچھلے ایک (01) سال میں کم از کم 6 مہینوں تک فعال (آپریشنل) رہا ہو اور درخواست دیتے وقت بھی فعال ہو۔

## کاروبار کی اقسام:

- مینوفیکچرنگ، سروسز/ ٹریڈنگ اور مائننگ سیکٹر سے متعلقہ کاروبار

## شرائط وضوابط

- گرانٹس کی درخواستوں کی پڑتال "پہلے آیئے، پہلے پایئے" کی بنیاد پر ہوگی اور گرانٹس کی تعداد کا تعین پنجاب، سندھ، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، اسلام آباد، آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختص کوٹہ سے ہوگا جس کی بنیاد 2017 کی مردم شماری ہے۔
- درخواست گزار کے لئے کاروبار کا مالک یا حصہ دار ہونا ضروری ہے۔
- یہ گرانٹ مطلوبہ خدمات کے حصول کے بعد اصل اخراجات کے مطابق ادا کی جائے گی اور اس سلسلے میں کوئی رقم پیشگی/ ایڈوانس کی صورت میں نہیں دی جائے گی۔
- این بی ڈی پی سے منظور شدہ گرانٹ کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ درخواست گزار اپنے سپلائر کے بل کی ادائیگی چیک یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے کرے۔ نقد رقم یا کسی دوسرے غیر رسمی ذرائع سے کی گئی ادائیگی قبول نہیں کی جائے گی۔
- سپلائر جو کسی درخواست گزار SME (ممکنہ گرانٹی) کو کوئی بھی کو پراڈکٹ (اشیاء) یا سروس فراہم کر رہا ہو، اسی گرانٹ کے لئے درخواست کا اہل نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح سپلائر/ بی ڈی ایس پی درخواست گزار کا ملازم نہیں ہوسکتا۔
- سرکاری ادارے، سرکاری ملازمین، سمیڈا (بشمول پراجیکٹس) کا عملۂ، غیر سرکاری تنظیمیں (این جی اوز) اور غیر منافہ بخش تنظیمیں گرانٹ کے اہل نہیں ہیں۔
- لائیوسٹاک اور زرعی فارم سے منسوب کاروبار درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔ تاہم، بلوچستان کے لائیوسٹاک فارمنگ سے متعلقہ کاروبار گرانٹ کے لئے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

## یہ گرانٹ مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| اشیا | • مشینری اور آلات کی خریداری جو آپریشن کو انجام دینے کے لئے درکار ہوں۔<br>• آلات جو پراڈکٹ ٹیسٹنگ/ پراسس انسپکشن اور/ کوالٹی ٹیسٹنگ کے لئے استعمال ہوں۔<br>• دفتری آلات بشمول آئی سی ٹی آلات جو کاروباری امور کے لئے ضروری ہیں<br>• کاروباری امور کے لئے فرنیچر اور فکسچرز۔ | • اشیا کی پیداوار کے لئے خام مال<br>• تجارتی سرگرمیوں کے لئے سٹاک۔<br>• پروٹوٹائپنگ/ پراڈکٹ ٹیسٹنگ فیس<br>• سافٹ ویئر لائسنسنگ فیس |
| خدمات | • کسٹمر مینجمنٹ سافٹ ویئر کی خریداری<br>• ڈیجیٹل مارکیٹنگ وغیرہ کے لئے تھرڈ پارٹی کو ادائیگی<br>• آن لائن موجودگی کے لئے ویب سائٹ، ویب اسٹور ڈویلپمنٹ | |

## اہلیتی معیار کے تعین کا طریق کار

گرانٹس کی ادائیگی صرف ان درخواست دہندگان کو کی جائے گی جو اہلیت کے معیار کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل نکات میں مطلوبہ پاسنگ نمبر حاصل کریں گے۔

درخواست گزار کا ذاتی پروفائل | کاروبار کا پروفائل | گرانٹ کے متوقع فوائد

خواتین، معذور افراد، اقلیتی، پسماندہ اضلاع، آئی ٹی، فوڈ پراسیسنگ اور ٹورازم سیکٹر سے منسلک درخواست گزاروں کو اضافی نمبر دیئے جائیں گے۔ مزید تفصیلات درج ذیل حصوں میں فراہم کی گئی ہیں۔

# گرانٹ پراسیس کی مرحلہ وار رہنمائی

### مرحلہ 01 آن لائن درخواست جمع کروانا



- NTN موجود نہ ہونے کی صورت میں درخواست گزار FBR کے مندرجہ ذیل لنک پہ جا کر NTN حاصل کرسکتا ہے۔
https://fbr.gov.pk/categ/register-income-tax/51147/30846/%2061149
- گرانٹ کی درخواست صرف اس لنک http://nbdp.org.pk/nbdp_grants.php پر جمع کروائی جاسکتی ہے۔
- درخواست گزار گرانٹ کی درخواست دینے کے لئے پہلے اپنا (Login) بنائے گا۔
- Login شناختی کارڈ کا نمبر، شناختی کارڈ کے مطابق مکمل نام، درست ای میل ایڈریس اور 8 حروف پر مشتمل پاس ورڈ (Password) فراہم کر کے بنایا جاسکتا ہے۔
- سائن اپ (Sign up) ہونے کے بعد سسٹم، دیئے گئے ای میل ایڈریس پر تصدیقی لِنک بھیجے گا۔ درخواست گزار سسٹم پر صرف ای میل کے تصدیقی عمل کے بعد ہی Login ہونے کے قابل ہوگا۔
- درخواست گزار سسٹم میں شناختی کارڈ نمبر اور پاس ورڈ استعمال کر کے Login کرے گا۔
- درخواست گزار فارم میں درکار تمام ضروری معلومات کا لازم اندراج کرے گا۔ بصورت دیگر درخواست جمع نہ ہوگی۔
- حتمی اندراج کے بعد، درخواست فارم میں مزید اضافہ یا تبدیلی کی اجازت نہ ہوگی۔ جس کے لئے درخواست دہندگان کو سہولت دی گئی ہے کہ وہ فارم کو حتمی طور پر جمع کروانے سے پہلے اس کا احتیاط سے جائزہ لے لیں۔
- مزید تفصیلات اور معاونت کیلئے درخواست دہندگان ایس ایم ای بزنس ہیلپ لائن 111-763-111-042 یا ای میل grants@nbdp.org.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**درخواست گزار، فارم پُر کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل دستاویز کی سکین کی گئی نقول ضرور ساتھ رکھیں۔**

| سیریل نمبر | آن لائن درخواست سیکشن | دستاویز/معلومات اپ لوڈ کی جائیں |
|---|---|---|
| 1. | درخواست گزار کی معلومات | 1 درخواست گزار کی معلومات<br>i شناختی کارڈ کی سکین شدہ کاپی (سامنے اور پشت سے)<br>ii درخواست گزار کی پاسپورٹ سائز تصاویر (1 سال سے زیادہ پرانی نہ ہوں)<br>iii معذوری سرٹیفکیٹ (معذور درخواست گزاروں کے لئے)<br>iv تعلیمی اسناد<br>v پیشہ وارانہ تجربہ کے سرٹیفکیٹ (قابل اطلاق ہو) |
| 2. | کاروباری معلومات | i کاروبار کے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی سکین شدہ کاپی<br>ii ایس ای سی پی/رجسٹرار آف فرمز میں رجسٹریشن کی سکین شدہ کاپی (صرف پارٹنرشپ اور پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیز کے لئے)۔<br>iii کاروبار کا بینک اکاؤنٹ (Maintenance) سرٹیفکیٹ |
| 3. | گرانٹ کی معلومات | i درکار اشیا/خدمات کی تفصیلات<br>ii درج ذیل شرائط کے حامل سپلائرز/وینڈرز/بی ڈی ایس پی سے درکار اشیا/خدمات کے حصول کے لیے 03 کوٹیشنز حاصل کریں<br>• درست NTN رکھتے ہوں۔<br>• درخواست گزار کے خاندان سے نہ ہوں۔<br>• اسی گرانٹ کے لئے درخواست گزار نہیں ہونا چاہیے۔ |

## مرحلہ 02 فیلڈ ویریفکیشن وزٹ

این بی ڈی پی کا نمائندہ آپ کی فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے لئے آپ کے دیئے گئے کاروباری پتہ کا دورہ کرے گا۔ دورے کا مقصد درخواست فارم میں فراہم کردہ ایڈریس اور دستاویزات/معلومات کی تصدیق کرنا ہے۔ لہٰذا فیلڈ وزٹ کے دوران درخواست گزار کی موجودگی ضروری ہے۔ ناگزیر حالات کی صورت میں ایک استثنا حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے لئے این بی ڈی پی سے پیشگی اجازت لینا ضروری ہے۔

مندرجہ ذیل معلومات/اصل دستاویزات تصدیقی افسر کو دکھانے کے لئے درخواست گزار کا موقع پر موجود ہونا ضروری ہیں۔

| سیریل نمبر | فیلڈ کی تصدیق | درکار دستاویزات/معلومات |
|---|---|---|
| 1. | پتہ کی تصدیق | کاروبار کا پتہ درخواست فارم میں درج کئے گئے پتہ کے مطابق ہونا چاہیے |
| 2. | دستاویزات کی تصدیق | • درخواست گزار کا اصل شناختی کارڈ<br>• کاروبار کا این ٹی این سرٹیفکیٹ<br>• کاروبار کی رجسٹریشن کی دستاویزات<br>• کم از کم 6 ماہ کے یوٹیلیٹی بل (بجلی/فون/گیس)، فروخت/خریداری کی رسیدیں، مخصوص مدت کے معاہدے، عملے کی حاضری کا ریکارڈ وغیرہ۔<br>• سپلائرز/بی ڈی ایس پی سے حاصل کردہ تین (03) اور جینئل کوٹیشنز<br>• درخواست گزار سے متعلق، اگر درخواست فارم میں اشارہ کیا گیا ہو۔<br>o معذوری سرٹیفکیٹ (معذور درخواست گزار کے لئے)<br>o پیشہ وارانہ تجربہ کے سرٹیفکیٹ<br>o تصدیقی افسر کی طرف سے طلب کی گئی متبادل اسناد |

## مرحلہ 03 درخواست گزار کا انٹرویو

کامیاب فیلڈ ویریفکیشن وزٹ کے بعد، درخواست گزار کا انٹرویو کے لئے حاضر ہونا ضروری ہے۔ انٹرویو کا مقصد درخواست گزار کی ضرورت کا اندازہ لگانا ہے۔ انٹرویو کی تاریخ اور مقام کی تفصیلات این بی ڈی پی (سمیڈا) کی طرف سے درخواست گزار کو فراہم کردی جائے گی۔

## مرحلہ 04 گرانٹ منظوری کی معلومات

درخواست کی منظوری سے متعلق آگاہ کرنے کے لئے درخواست فارم میں دیئے گئے ای میل ایڈریس پر رابطہ کیا جائے گا۔ تمام خط و کتابت این بی ڈی پی/سمیڈا کی ای میل ایڈریس کے ذریعے کی جائے گی۔

## مرحلہ 05 انٹرپرینیورشپ ڈویلپمنٹ ٹریننگ (EDT) پروگرام۔



درخواست گزار کو گرانٹ کی منظوری کے فیصلے کی اطلاع کے بعد، کامیاب درخواست گزار کو انٹرپرینیورشپ ڈویلپمنٹ ٹریننگ (EDT) مکمل کرنی ہوگی۔ پروگرام کی تاریخ/مقام اور دورانیہ پراجیکٹ مینجمنٹ کی طرف سے گرانٹی کو بتایا جائے گا۔ (EDT) ای ڈی ٹی کی کامیاب تکمیل کے بعد، لیٹر آف انٹینٹ (LoI) گرانٹی کو جاری کیا جائے گا۔ LoI کی منظوری کے بعد، گرانٹی NBDP کے ساتھ ایک گرانٹ معاہدے پر دستخط کرے گا۔

## مرحلہ 06 سپلائر کا تقرر (Engagement)

LoI کی منظوری کے بعد، گرانٹی مندرجہ ذیل نکات پر عمل کرے گا:

1. پراڈکٹ کے حصول کے لئے گرانٹی سب سے کم ترین قیمت کی کوٹیشن فراہم کرنے والے سپلائر سے سامان خریدے گا اور لیٹر ہیڈ پر رقم کی ادائیگی کی رسید حاصل کرے گا۔
2. سروسز کے حصول کے لئے گرانٹی منظور شدہ سروس سپلائر کے ساتھ **200** روپے کے اسٹامپ پیپر پر ایک معاہدے پر دستخط کرے گا۔ جس نے کوٹیشن میں بیان کردہ شرائط اور ٹائم فریم کے مطابق خدمات کی فراہمی کے لیے سب سے کم قیمت کا حوالہ دیا ہو۔ اسٹامپ پیپرز کی قیمت گرانٹی کو ادا کرنی ہوگی۔ مطلوبہ معاہدے کا معیاری ٹمپلیٹ (Template) NBDP فراہم کرے گا۔

## مرحلہ 07 پراڈکٹ/سروس کا حصول


پراڈکٹ/خدمات کی تسلی بخش حصول/ترسیل پر، گرانٹی سپلائر کو اپنے بینک کے ذریعے اکاؤنٹ میں رقم کی ادائیگی کرے گا اور اس کی اطلاع پروجیکٹ مینجمنٹ کو بذریعہ ای میل grants@nbdp.org.pk دے گا۔

## مرحلہ 08 پوسٹ ڈیلیوری وریفیکیشن وزٹ۔

این بی ڈی پی کا نمائندہ کاروباری مقام کا دورہ کرے گا تاکہ اشیا کے حصول/ترسیل کی تصدیق کی جا سکے۔ اگر نمائندہ تصدیق سے مطمئن ہوا تو، گرانٹی سے کہا جائے گا کہ وہ ادائیگی کا دعویٰ مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ بھیجے۔

| سیریل نمبر | معلومات کی نوعیت | مندرجات |
|---|---|---|
| 1. | کامیاب سروس/پراڈکٹ ڈیلیوری کا سرٹیفکیٹ۔ | گرانٹی کو مطلوبہ فارمیٹ پر اطمینان بخش سروس ڈیلیوری سرٹیفکیٹ جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔ |
| 2. | سروس انوائس/رسید اور ادائیگی کا ثبوت | i پراڈکٹ کے حصول کے لئے اصل انوائس/رسید۔<br>ii سروسز کے حصول کے لئے گرانٹی اور سپلائر کے درمیان اصل تحریری معاہدہ جمع کروانا ہوگا۔<br>iii آن لائن بینکنگ ٹرانزیکشن/پے آرڈر کے ذریعے سپلائر کو ادائیگی کا ثبوت۔<br>iv نقد ادائیگی یا کوئی اور غیر رسمی قابل قبول نہیں ہے۔ |

**مندرجہ بالا دستاویزات کی اسکین شدہ کاپی گرانٹی اپنے login کے ذریعے گرانٹ پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتا ہے۔ مذکورہ بالا تمام دستاویزات درج ذیل معلومات کے ساتھ رجسٹرڈ پوسٹ/کوریئر کے ذریعے سروس ڈیلیوری کی تکمیل کے فوراً بعد این بی ڈی پی کو بھیجی جائیں گی۔**



**معاوضہ کی درخواست**

**گرانٹ مینجمنٹ سیل**

نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام برائے ایس ایم ایز (این بی ڈی پی)

3rd فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور 54000

+92 (42) 111-111-456

### مرحلہ 09 بینک کے ذریعے گرانٹ کی رقم کی وصولی

باضابطہ طور پر مکمل کی گئی درخواست وصول ہونے پر این بی ڈی پی ضروری جانچ پڑتال کے بعد گرانٹ کی رقم جاری کر دے گا جو درخواست گزار کی طرف سے فراہم کردہ کاروباری بنک اکاؤنٹ میں ادا کی جائے گی۔

### مرحلہ 10 گرانٹ کے ثمرات/فوائد کے متعلق معلومات کی فراہمی

گرانٹ کی ادائیگی ہونے کے بعد، گرانٹی کو وقتاً فوقتاً این بی ڈی پی/سمیڈا ٹیم سے گرانٹ کے استعمال سے حاصل شدہ فوائد و ثمرات کے متعلق معلومات ای میل یا وزٹ کے ذریعے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ: اگر یہ کسی بھی صورت پایا گیا کہ درخواست گزار/گرانٹ لینے والے نے درخواست کی پراسیسنگ/گرانٹ کی تقسیم کے دوران گرانٹ ایوارڈ کے عمل پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی یا فنڈز کے غلط استعمال میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکتی ہے۔

**شکایات**

**گرانٹ کے فیصلے کے متعلق شکایات گرانٹ پورٹل کے ذریعے آن لائن جمع کروائی جا سکتی ہے۔**

# نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام برائے ایس ایم ایز (این بی ڈی پی)

نیشنل بزنس ڈویلپمنٹ پروگرام میں ایس ایم ایز کیلئے کاروبار کے اجراء اور اس کی کامیابی کو یقینی بنانے سے متعلق مددگار اقدامات بزنس ڈویلپمنٹ سروسز فراہم کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل حصوں پر مشتمل ہے:

الف) ایس ایم ایز کیلئے چھوٹے کاروبار کے اجراء، تنظیمی ترقی، مارکیٹنگ، تحقیق و ترقی، پراڈکٹ ٹیسٹنگ سرٹیفکیشن اور قرضوں کے حصول کی اہلیت جانچنے سے متعلق گرانٹس کی فراہمی۔

ب) کاروبار سے متعلق ہر قسم کی معلومات کی فراہمی جو سمیڈا کے تحت ملک بھر میں قائم ہیلپ ڈیسک اور ایس ایم ایز بزنس ہیلپ لائن پر میسر ہوں گی۔

ج) تیار شدہ طباعتی مواد کی فراہمی، جیسا کہ فیزیبلٹی سٹڈیز، بزنس مینجمنٹ سے مخصوص معلوماتی اختصاریے، سیکٹر سٹڈیز، کمرشل رابطے، قانونی دستاویز کے نمونے اور ریگولیٹری پروسیجر۔

د) ہیومن ریسورس، مارکیٹنگ، مینجمنٹ، ٹیکنالوجی اور ریگولیٹری معاملات کے حوالے سے ایس ایم ایز کی تعمیری استعداد کیلئے ان کی ضرورت کے مطابق تربیتی پروگراموں کا انعقاد۔

ر) کنسلٹنٹس، ماہرین اور تربیت کاروں کی نشاندہی اور ان کی نیٹ ورکنگ تاکہ ایس ایم ایز سیکٹر کے لئے ان کی خدمات کو زیادہ کار آمد بنایا جا سکے اور دریں اثناء بزنس ڈیلپمنٹ سروسز فعال اور موثر شکل اختیار کر سکے۔

س) بزنس انکیوبیشن سنٹرز کی تشکیل سے نوجوانوں میں اپنا کاروبار کرنے کے رجحان کو فروغ دیا جائے۔ اس ضمن میں پہلے سے بزنس انکیوبیشن سنٹرز چلانے اور نئے سنٹرز بنانے کے خواہشمند تعلیمی اداروں اور یونیورسٹیوں کو بھی گرانٹس فراہم کی جائیں گی۔

ص) ایس ایم ایز سیکٹر میں پالیسی سازی، ایجادات، ویلیو ایڈیشن اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بنیادی تحقیق کی ترویج۔